**باقیماندہ خلیات کی ذخیرہ اندوزی کا انکشاف نامہ**

اگر آپ کا یا آپ کے بچے کا کوئی ایسا ٹیسٹ یا پروسیجر ہونا ہے جس میں سے ٹشو لیے جائیں، تو ممکن ہے کہ کچھ باقیماندہ خلیات رہ جائیں۔ ڈاکٹر عام طور پر اس اضافی ٹشو کو اس غرض سے محفوظ رکھتے ہیں تاکہ اگر کوئی ٹیسٹ دوبارہ کرنا پڑے یا بعد میں کوئی کسی نئے ٹیسٹ کی ضرورت ہو تو اسے استعمال کیا جا سکے۔

آپ کے/آپ کے بچے کے اضافی ٹشو سے بھی ڈاکٹروں کو بیماریوں کے بارے میں مزید جاننے میں مدد مل سکتی ہے۔ ٹشو بیماریوں کی تشخیص، علاج اور روک تھام کے بہتر طریقے تلاش کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ کم از کم تین ماہ کے بعد، ٹشو کو Cincinnati Children's Discover Together Biobank کے ذریعے تحقیق کے لیے استعمال استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس ٹشو کو غیر شناخت شدہ کر دیا جائے گا، جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ یا آپ کے بچے کا نام اور ذاتی کوائف اس نمونے سے منسلک نہیں رہیں گے۔

اگر کسی تحقیقی مطالعہ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو، تو اس مطالعہ کے بارے میں بات کرنے اور فیصلہ کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے کہ آیا آپ/آپ کا بچہ حصہ لے سکتا ہے۔

باقیماندہ ٹشو کا استعمال کرتے ہوئے تحقیق کے بارے میں مزید معلومات www.CincinnatiChildren’s.org/biobank (صرف انگریزی میں دستیاب ہے) پر مل سکتی ہیں۔

<u>آپ کے لیے اپنے یا اپنے بچے کے ٹشو کو تحقیق کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دینا ضروری نہیں ہے۔</u> اگر آپ تحقیق میں اپنے/اپنے بچے کا ٹشو نہیں چاہتے ہیں یا اگر آپ کے سوالات ہیں تو 513-803-7107 پر کال کریں یا ٹیکسٹ کریں یا DiscoverTogetherBiobank@cchmc.org پر ای میل کریں۔